سینیٹر سید ظفر علی شاہ (جاری)---میرا وزیر صاحب سے سوال یہ ہے کہ یہ تمام کے تمام جو non-career Ambassadors ہیں۔ کیا یہ آپ کی حکومت سے پہلے کے چلے آرہے ہیں یا سارے کے سارے آپ کی حکومت میں لگائے گئے ہیں؟ یہ نمبر ۱ ہے۔

نمبر ۲۔ پنجاب جس کی آبادی 62% سے زیادہ ہے جو پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے کیا اس میں کوئی ایسا talent والا آدمی نہیں ملا جو ان veto countries میں پاکستان کی نمائندگی کرتا اور وہاں پر ان کو سفیر لگایا جاتا؟ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔

نوابزادہ ملک عماد خان (وزیر مملکت برائے امور خارجہ): شکریہ ، جناب میں ان کے سوال کو welcome کرتا ہوں۔ گزارش یہ ہے کہ یہ سارے Ambassadors ہمارے دور کے لگائے ہوئے ہیں، پچھلے دور کے کوئی بھی نہیں ہیں۔ This is answer to the first part. دوسرا یہ جو veto countries کی بات ہو رہی ہے اس میں اگر یہ ہیں تو it is mere coincidence اور کوئی ایسی ضروری چیز نہیں ہے کہ ان veto والی countries میں کوئی non-career ہو ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن career officers بھی ہوتے ہیں اور چائنہ میں یہ مسعود خان رٹیائرڈ ہونے سے پہلے ہی he was a career officer. اس طرح یہ جو خالد خٹک صاحب ہیں، رٹیائر ہونے سے پہلے ہی he was a career officer تو وہ ایک coincidence ہے کہ ایسا ہو گیا ہے۔ جہاں تک provinces کی بات ہو رہی ہے تو شفقت سعید صاحب پیرس میں ہیں which is an important country لیکن postings provincial basis پر نہیں ہوتے ہیں اور اس بارے میں کوئی provincial criterion نہیں ہوتا ہے اسی طرح جو political appointees ہیں وہ total government کی discretion ہوتی ہے اس میں کوئی provincial quota نہیں دیکھا جاتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی کاکڑ صاحب۔

سینیٹر روزی خان کاکڑ: جناب چیئرمین صاحب! یہاں انہوں نے جو لسٹ دی ہے یہ تقریباً 103 بنتے ہیں جو پاکستان کے لوگ مختلف ممالک کے ایمبسی میں تعینات ہیں اور اس مرتبہ میں پھر یہی سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد کی بیورو کریسی نے بلوچستان کے ساتھ خاص کر بہت ظلم، بہت زیادتی کی ہے اور 4 total ہیں۔ 103 میں صرف چار بندے بلوچستان کے ہیں۔ کیا بلوچستان میں قابل لوگ نہیں ہیں کیا بلوچستان میں ایمان دار آفیسرز نہیں ہیں۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد کی بیورو کریسی پھر بلوچستان کے ساتھ ناجائز کر رہی ہے اور اس کے ساتھ سندھ کی بھی یہی پوزیشن ہے۔ سندھ میں سے بھی بہت کم تعداد میں بندے لیے گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔

نوابزادہ ملک عماد خان: جناب ، بات یہ ہے کہ میں نے جس طرح گزارش کی کہ منسٹری میں جو آفیسرز آتے ہیں اور پبلک سروس والی سلیکشن ہوتی ہے وہ منسٹری کی discretion نہیں ہے نہ میری ہے۔ گورنمنٹ کے rules ہیں اس میں اگر کوئی amend کرنا چاہتا ہے تو he is most welcome to carry out an amendment ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے وہ پاپولیشن پر

اور صوبائی کوٹہ کے basis پر ہوتے ہیں اور ایک بار جب منسٹری میں آجاتے ہیں تو ہر بیچ میں الگ الگ نمبرز ہوتے ہیں اسی بنا پر ان کی پروموشن ہوتی ہے ، اسی بنا پر ان کی postings ہوتی ہیں ۔ کورسز ہوتے ہیں ACRs ہوتے ہیں ۔ ایک set criteria ہے۔قابلیت اور نالائقی کی کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ خالد عزیز بابر صاحب ہیں وہ بلوچستان سے ہیں اور he is a very competent officer and Iran is a very important country وہ وہاں پر Ambassador ہیں۔عنایت اللہ کاکڑ صاحب ہیں یہ باکو میں ہیں اور پھر یہ politically appointees کی بات کرتے ہیں۔ امین اللہ رئیسانی صاحب یہ تین ملکوں میں رہ چکے ہیں ۔ He is from Balochistan اسی number اور اسی ratio سے لوگ لیے جا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ منسٹر صاحب ،زاہد صاحب نماز کا وقت ہو رہا ہے۔

سینیٹر محمد زاہد خان: میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اگر آپ اس کو پڑھ لیں ہم نے سینیٹ کے اندر اس پر کئی بار احتجاج کیا ہے کہ خدارا ہمارا نام پورا لکھا کریں ۔ KP کیا ہوتا ہے ۔اس پر آپ ruling دے دیں جس نے بھی لکھا ہے ان سے پوچھیں اور اس کو سزا دیں تا کہ ایک violation ہو رہی ہے اس کا تدارک ہو۔میں کئی بار کہہ چکا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جتنے بھی departments ہیں ان سب کو تمام صوبوں کے نام مکمل لکھنے چاہیئں۔

سینیٹر محمد زاہد خان: یہ منسٹر صاحب کو چاہیے کہ یہ check کرتے کہ یہ سوال آرہا ہے تو اس میں یہ دیکھا تو اس پر action لینا چاہیے تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بڑی valid بات آپ نے کی ہے۔تمام صوبوں کے نام مکمل طور پر لکھے جائیں۔

Now we adjourn for *Maghreb* prayer and will meet again after 20 minutes.

Azhar ur6 t08−06sep2012

(نماز مغرب کے وقفے کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت ڈپٹی چیئرمین، جناب صابر علی بلوچ شروع ہوئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Question hour سے شروع کرتے ہیں۔ مسز نزہت صادق صاحبہ۔

Q.36

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے کوئی ضمنی سوال پوچھنا ہے؟

سینیٹر نزہت صادق: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں honourable Minister *sahib* سے foreign policy کے حوالے سے پوچھنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا تھا کہ we want trade not aid اور انہوں نے اپنے جواب میں بھی کہا ہے کہ we believe in the principle of trade not aid. پچھلے چار سالوں میں اس طرح کی کوئی tangible چیز نظر نہیں آئی۔ دوسرا WHO کا concession package جس کے تحت پاکستان کو European market میں concession ملتی ہے، وہ بھی دو سال سے pending ہے۔ India, Bangladesh, Sri Lanka even Burma جیسے ممالک نے ہماری مخالفت کی ہوئی ہے۔ آپ foreign policy کو کس طرح improve کر رہے ہیں یا اسے صحیح کرنے کے لیے کیا کوشش کریں گے؟ Can I ask one more question?

(آگےb09)

T09−06SEP2012−−−ASHFA/ED.JAVAID−−−UR5−−−7.10PM

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب! آپ ان کا question سمجھ گئے ہیں؟

نوابزادہ ملک عماد خان: جی سمجھ ہی گیا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جواب دے دیں۔

نوابزادہ ملک عماد خان: پہلی بات یہ ہے جو trade not aid والی بات ہے، obviously aid بھی آرہی، ہم aid بھی seek کر رہے ہیں لیکن جب ہم long term trade not aid کی بات کرتے ہیں تو اس کا یہ مقصد ہوتا ہے کہ we want to be self reliant کیونکہ ہم aid پر تاحیات نہیں چل سکیں گے.eventually trade has to be boosted

جناب!اس کے بعد secondly یہ بات ہوئی ہے کہ trade اوپر نہیں گئی، اگر آپ bilaterally figures دیکھیں تو بہت سے countries کے ساتھ trade اوپر گئی ہے۔ اس بارے میں کیا، کیا ہوا ہے، میں آپ کو وہ بتانا چاہوں گا، lets say, ASEAN ہے، آپ ASEAN کو اپنا کافی بڑا trading partner بھی کہہ سکتے ہیں، ہماری ان سے political relationship میں enhancement ہوئی ہے۔ ہم sectorial dialogue partnership کی،اب کوشش کر رہے ہیں کہ full dialogue partnership لیں۔ اسی طرح ابھی Malaysia کے ساتھ FTA ہوا پھر Indonesia کے ساتھ PTA ہوا، اس میں items ہیں جن کی دونوں طرف سے trade ہوتی ہے، اس میں bilateral trade figures اوپر جاتے ہیں۔ آپ اگر EU کی بات کریں جو GSP plus package تھا، ہمیں وہ

2014میں ملے گا، اس میں کافی ممالک نے ہماری بھر پورsupport بھی کی۔ Objections کی جب بات ہوتی ہے، Asian counties

objection اپنے vested interest کے لیے لگاتی ہیں، ان کے concerns ہوتے ہیں، let us say آپ نے بنگلہ دیش کا نام لیا،

India کا نام لیا جس country کے objections ہوتے ہیں، ہم ان کو directly یا through some other countries جن کا ان

کے ساتھ اچھا تعلق ہو، میرے لیے ہر چیز reveal کرنا مناسب نہیں ہے، ہم ان کے objections کو water down کرنے کے لیے

پوری کوشش کرتے ہیں۔ اس طرح کچھ concessions بنگلہ دیش، نیپال یا کسی اور country کو ملتی ہیں، ہمیں وہ اس لیے نہیں مل

پائیں، ایک term LDCs (Least developed countries) ہے، کچھ countries Least Developed Countries

میں آتے ہیں، ہم سے جو زیادہ backward ہیں، جہاں پر ہم سے زیادہ problems ہیں، ان کو زیادہ facility مل جاتی ہے۔ اب ایک

argument یہ ہوتا ہے کہ آپ LDCs میں آجائیں، اب پاکستان کے image کے لیے LDCs میں include ہونا، اچھا نہیں ہے، ہم

اس لیے LDCs میں نہیں ہیں اور آنا بھی نہیں چاہتے تو یہ ساری complications ہیں۔ میں نے جس طرح آپ کو بتایا کہ یہ through

talk, dialogue and diplomatic efforts جہاں FTA ہے، ہم کوشش کرتے ہیں، وہ up grade ہو کر PTA ہو جائے۔ ہم اسی

طرح ASEAN کے لیے کوشش کر رہے ہیں، we are trying that full dialogue membership ہو جائے، SCO

(Shanghai Corporation Organization) اس میں ہمارا observer status ہے، we are trying that

member status ہو۔ یہ کوئی ایک دن میں ہونے والی چیز نہیں ہے، it is a long term process تو اس میں کوشش جاری

ہے، efforts of the Government and Ministry جاری ہیں۔ Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ہمایوں خان۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جناب! میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ Government کی جو trade and

investment promotion کی policy ہے، اس کے تحت پچھلے چار سال یا جتنے بھی ہوئے ہیں، اس میں in terms of volume یا

dollars میں کتنی foreign direct investment آئی ہے یا trade بڑھی ہے۔ جناب! میں around the world Europe,

America and everywhere travel کرتا رہتا ہوں، ہمیں وہاں پر اطلاع ملتی ہے کہ India کے لوگ بہت زیادہ کوشش کر رہے

موجود for the purpose of promotion of trade and investment میں Foreign Missions ہیں لیکن ہمارے لوگ ہیں، وہ کوئی خاطر خواہ کوشش نہیں کر رہے۔

جناب وزیر صاحب سے ایک سوال اور بھی ہے کہ ہمارے Missions or Embassies میں trade and investment promotion کے لیے جو لوگ تعینات ہیں، ان کی promotion evaluation کا کیا طریقہ کار ہے اور ان کو کس طرح monitor کیا جاتا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب نوابزادہ ملک عماد خان: جناب! پہلی بات یہ ہے کہ آپ نے جو exact figures مانگے ہیں، میں bilateral trade figures provide کر سکتا ہوں، اگر کسی specific country کے کہیں یا اگر آپ over all every country کے مانگیں تو میں وہ بھی provide کر دیتا ہوں، اگر یہ سوال Commerce Ministry سے کیا جائے تو وہ زیادہ relevant ہو گا۔ آپ India کی بات کر رہے تھے، دوسرے countries کی بات کر رہے تھے اور ہمارے officers کی performance کی بات کر رہے تھے۔ Limitation of resource and lack of officers یہ ہمارا ایک problem ہوتا ہے، ہمارے جو FSP officers ہیں، وہ بھی required volume سے بہت کم ہیں۔ ہمارے 87 Missions باہر ہیں، اس میں two men Missions 67 ہیں یعنی Ambassador and one other officer ہے۔ Capacity کا ایک problem ہے، مطلب ہے کہ limitation ہے، اس طرح officers نہیں ہیں، ہمارا quality issue نہیں ہے، ہمارے officers اچھے ہیں۔

آپ commercial attaches کی بات کر رہے ہیں جو embassy کے ساتھ کام کرتے ہیں، وہ trade enhancement کے لیے پوری محنت کرتے ہیں لیکن basically they are not from foreign service, ان کا تعلق Commerce Ministry سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ہے کہ میں otherwise آپ کو بتا سکتا ہوں، جو Trade Development Authority of Pakistan ہے، Chamber of Commerce ہے جو بھی ہیں اور جو businessmen باہر جاتے ہیں even وہ in their private capacity باہر جاتے ہیں، Embassy officials ان کو facilitate کرنے کی پوری کوشش کرتے

ہیں۔ Joint Commissions بھی بنائے گئے ہیں، Joint Ministerial Commission, Joint Economic Commissions کی بھی meetings ہوتی ہیں، ساری Ministries کے relevant officials بھی ملتے ہیں۔ اس میں یہ contention غلط ہے کہ کوئی کچھ نہیں کرتا ہے، problems ہیں، کچھ hard good realities بھی ہیں، because of lack of resources limitations ہوں گی، otherwise efforts پوری، پوری کی جاتی ہیں۔ Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جناب مظفر حسین صاحب۔

Senator Syed Muzafar Hussain Shah: Sir, the Minister would know that recently there have been opening with the India in relation to trade; the Indian Government has allowed Pakistani businessmen to purchase shares, open up a bank. I would like to ask the Minister that why is it that if you can possibly go through Wagha, we have not opened the Khokhrapar route. I mean, I have been representing that constituency for the last thirty years, I have also been the Chief Minister from there, .Khakhrapar route would open and facilitate the trade. If we can open up from Wagha why is it that the Khokhrapar route has not been opened for trade while a potential for trade with India is tremendous and it would develop the entire area in terms of infrastructure, it would provide entrepreneurship for farmers and consumers; it is tremendous amount of opportunity. So, what are the compelling circumstances and the position of the Foreign Office on the opening up of Khokhrapar route trade purposes?

Mr. Deputy Chairman: Yes, Mr. Minister.

Mr. Nawabzada Malik Ammad Khan: Sir, talking about capacity today, testing the capacity of one Minister for the whole Question Hour. Any way, sir, coming on to the question of the honourable Senator, no doubt trade route, the more trade will be enhanced, the more torrent flow movement between the two countries will be increased

and we would have no objection to opening this particular route. However, the question would be better if this question is directed to the Ministry of Commerce. However, some strategic things, those things have to be kept in view but all those things are discussed, we have an inter-ministerial process, we are all stake holders sitting across each other and we look at these things curiously; we don't oppose any such thing but this would be a subject pertaining to the Commerce Ministry. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Next question Mr. Karim Ahmad Khawaja *sahib*, not present. Next question is Mrs. Nuzhat Sadiq please.

(Question No.43)

Mr. Deputy Chairman: Any supplementary? Followed by.............T10

T10-06SEP2012 FURQAN[ED.MOHSIN] 7.20P.M. ER8

جناب غوث بخش خان مہر: پہلے سے جو agreement کیا ہوا ہے وہی agreement ہے، ہم نے کوئی نیا agreement نہیں کیا ہے۔ We stand by that agreement. آپ پوچھ رہی ہیں کہ status کیا ہے تو اس کا status وہی ہے جو agreement کیا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اسحاق ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار(قائد حزب اختلاف): شکریہ۔ جناب چیئرمین! یہ Question No. 41-B and 43 virtually ایک ہی سوال ہے۔ یہ جو اتصلات کی privatization 26% ہوئی تھی اس کے بارے میں ہے۔ ابھی ہم نے ان سے تقریباً 800 million dollar لینے ہیں۔ پچھلے سوال میں total amount US $799,306,686 کا پوچھا گیا ہے۔ جواب میں اس کے بارے میں منسٹری فرما رہی ہے کہ پیسے properties کے transfer ہونے پر ہوں گے۔ Sir, this is not the reality.

جناب غوث بخش خان مہر: یہ اس سوال سے متعلق نہیں ہے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں پچھلے سوال سے ہاتھ کھڑا کر رہا تھا۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ سوال نمبر 43 and 41-B ایک ہی سوال ہے، یہ اتصلات کے بارے میں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر 41-B ہم نے اس لئے نہیں لیا کہ mover خود موجود نہیں ہے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: وہ گزر گیا ہے۔ I thought کہ آپ 41-B پہلے لیں گے، آپ سیدھے 43 پر چلے گئے۔ یہ دونوں almost ایک ہی سوال ہیں۔ یہ اتصلات اور disinvestment کے بارے میں ہے۔ اس میں تقریباً 800 ملین ڈالر پاکستان نے لینے ہیں۔ I am sure کے شاید منسٹر صاحب کو پوری طرح علم نہیں ہے، وہ جواب یہ دے رہے ہیں جب transfer properties کریں گے تو تب ملیں گے تو mostly properties transfer ہو چکی ہیں۔ The issue is grey traffic, اس ملک میں grey traffic میں illegal exchanges لگی ہوئی ہیں اور اس کے لوگ cabinet میں بیٹھے ہوئے تھے اور بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کی ruling family سے میری کئی کئی دفعہ بات ہوئی ہے، وہ کہتے ہیں ہم پیسے اس وقت دیں گے جب آپ grey traffic بند کریں گے۔ وہ claim کرتے ہیں کہ ان کو 200 ملین ڈالر سال کا نقصان ہو رہا ہے۔ مہربانی کر کے منسٹر صاحب یہ بتائیں کہ یہ grey traffic کب بند ہو گی اور اس سلسلے میں یہ کیا action لے رہے ہیں۔ یہ action لیں گے تو تبھی پیسے ملیں گے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم تو آپ کو پیسے نہیں دیں گے۔

جناب غوث بخش خان مہر: میں اپنے honourable colleague سے گزارش کروں گا کہ اس میں grey traffic کا کوئی point نہیں ہے، points یہ ہیں کہ جو properties ہم نے ان کو transfer کر کے دینی ہیں وہ properties ہم ابھی تک transfer نہیں کر پائے ہیں۔ اس وجہ سے وہ ہمیں پیسے نہیں دے رہے۔ اس پر ابھی کمیٹی بنی ہے، اس پر کام کر رہے ہیں کہ ہم اس کو کس طریقے سے adjust کریں کیونکہ کچھ ہماری properties litigations میں ہیں اور اس میں کچھ اور problems بھی ہیں۔ ان کا main concern ہے کہ ہمیں properties transfer کر کے دیں تو ہم پیسے دیں گے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! منسٹر صاحب ہمیں لسٹ دیں گے کہ کس کس صوبے سے کتنی properties ہیں۔ We will facilitate them from Punjab. یہ پاکستان کے 800 ملین ڈالر ہیں، یہ چھوٹی amount نہیں ہے، we must recover it. کتنے سال ہو گئے ہیں۔ اس ہاؤس کی ذمہ داری لگائیں جو کہ چاروں صوبوں کو represent کر رہا ہے، وہ جا کر ہر صوبائی

قیادت کو ملے اور یہ 800 ملین ڈالر پاکستان میں لے کر آئیں but I assure you that issue is different, the issue is grey traffic.

جناب ڈپٹی چیئرمین: مہر صاحب! آپ اپنے آفس کو کہیں کہ وہ لسٹ بنا کر پیش کریں۔

جناب غوث بخش خان مہر: انہوں نے ہمیں کبھی grey traffic کا issue raise نہیں کیا ہے۔ جہاں تک ڈار صاحب لسٹ کا کہہ رہے ہیں تو میں یہ کل ہی پیش کر دوں گا، no problem.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ہری رام صاحب۔

سینیٹر ہری رام: سینیٹر مظفر شاہ صاحب نے کھوکھرا پار کے حوالے سے جو سوال کیا ہے تو میں اس سلسلے میں ایک ضروری بات کرنا چاہتا ہوں کہ کھوکھرا پار ٹرین 1964 میں بند ہو گئی تھی اور اب وہ دوبارہ چلائی گئی ہے۔ اس وقت 80% سندھ کے لوگ کھوکھرا پار کے علاقے سے جاتے ہیں اور وہ واہگہ سے ہو کر انڈیا جاتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس سروس کو مزید بہتر کیا جائے اور بس سروس بھی چلائی جائے۔ اس حساب سے ٹریڈ بھی نزدیک پڑے گا۔ کافی لوگ سندھ سے ہی جاتے ہیں۔ آپ اس وقت ٹرین کی position دیکھیں کہ اس میں جانوروں کی طرح آدمیوں کو سفر کرنا پڑتا ہے، اس میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ یہ سندھ کے لوگوں کے لیے بہت اہم issue ہے۔ واہگہ میں بس سروس بھی ہے۔ لہذا بس سروس بھی چلائی جائے۔ میں honourable State Minister Foreign Affairs سے کہوں گا کہ آپ اس پر کوئی احکامات جاری کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ہمایوں خان صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جناب چیئرمین! جو ڈار صاحب نے grey traffic کی بات کی، یہ grey traffic بالکل ہے۔ ہمارے سب سے popular Minister صاحب کے گھر میں لگی ہوئی ہے، اس منسٹر کو کوئی ہلا نہیں سکتا۔ اس میں منسٹر صاحب کا کوئی قصور نہیں ہے۔ اسل سلسلے میں پرائم منسٹر یا صدر صاحب نے ہی کچھ کرنا ہو گا۔

جناب غوث بخش خان مہر: مجھے نہیں پتا آپ کس منسٹر کی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: وہ ہیں، آپ سب کو پتا ہے، آتے رہتے ہیں، یہاں پھرتے رہتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہمایوں خان صاحب! آپ کا سپلیمنٹری سوال ختم نہیں ہوا؟

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جی میرا سوال ہے۔ یہ اتصلات سے relatedہے۔ یہ جو call connecting chargesہوتے ہیں، اس میں آج کل PTCL یہ کر رہی ہے کہ آپ PTCL سے کسی موبائل پر callملاتے ہیں اور وہ connectہو یا نہ ہو لیکن charges وصول کر لئے جاتے ہیں، پھر call forwarding کے بھی chargeکیے جاتے ہیں۔ آپ دو جگہ charge نہیں کر سکتے۔ آپ اگر پورے پاکستان کے customer base پر calculation کریں تو یہ اربوں روپے بنتے ہیں، اس طرح لوگوں کو لوٹا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں منسٹر صاحب بتائیں کہ وہ کیااقدام کر رہےہیں اور یہ ان کے notice میں ہے یا نہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب غوث بخش خان مہر: جناب! یہ ہماری منسٹری سے concerned نہیں ہے۔ آپ I.T fresh questionوالوں سے کریں اور وہ اگر کہیں گے تو میں ان کو بتاؤں گا کہ یہ سوال ہوا ہے۔ .I have nothing to do with this

Mr. Deputy Chairman: Thank you. The Questions Hour is over. The remaining questions and their printed replies placed on the table of the House, shall be taken as read.[1]

Leave of Absence

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب اسلام الدین شیخ نے ناسازی طبعیت کی بنا پر مورخہ 3 تا 7 ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

---

[1] The remaining questions and their printed replies placed on the table of the House shall be taken as read.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب محمد صالح شاہ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 6اور7ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سید مظفر حسین شاہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 3اور4ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا عبدالغفور حیدری صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ3اور4ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب ظہیرالدین بابر اعوان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 4تا6ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب محمد یوسف بلوچ نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ 6ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب مشاہد اللہ خان نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ5تا7ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: حاجی خدا بخش راجڑ صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ ناسازی طبعیت کی بنا پر مورخہ 6اور 7ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

اب ہم نے Law and Order پر debate کرنی تھی، وہ چونکہ لمبی چلے گی تو ہم ہاؤس کی اجازت سے پہلے حمزہ صاحب کا Call Attention Notice لے لیتے ہیں۔ جی مظفر شاہ صاحب۔

سینیٹر سید مظفر حسین شاہ: جناب! میں ایک منٹ لوں گا۔میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ صوبہ سندھ میں وسیع پیمانے پر polling stations کے تبادلے ہو گئے ہیں، جہاں جہاں پر 3 general elections میں polling stations اسی locations پر تھے اور اس وقت کی صورتحال یہ ہے کہ DCOصاحبان اور Revenue Officials کے ماتحت جتنے تپہ دار اور مختار کار ہیں۔

(آگے جاری T11)

T11-06SEP2012........FANI\ED(Mohsin Zaidi).........7.30PM.........UR12

سینیٹر سید مظفر شاہ (جاری)

اس وقت کی صورت حال یہ ہے کہ ڈی سی او صاحبان اور ریونیو آفیشلز کے ماتحت جتنے تپہ دار اور مختیار کار ہیں انہوں نے سیاسی بنیادوں پر سفارشات کی ہیں کہ وسیع پیمانے پر پولنگ اسٹیشن تبدیل کیے جائیں۔ اس اقدام سے ہوگا یہ کہ fair and transparent elections ہونا ممکن نہیں ہوں گے۔میں یہ چاہتا ہوں کہ ہمارے قائد ایوان جہانگیر بدر صاحب اس کا نوٹس لیں ، صوبائی حکومت سے رابطہ کریں ، ہمارے ہاں جتنے بھی ہمارے دوست پاکستان مسلم لیگ (ف) کے انہوں نے ڈی سی اوز صاحبان کو درخواستیں دی ہیں کہ آپ ہمیں بتائیں کہ وجوہات کیا ہیں کہ آپ نے ان پولنگ اسٹیشن کی تبدیلی کی سفارشات کی ہیں ، ہمیں اس کی کاپیاں دیں وہ ہمیں کاپیاں دینے تک کو تیار نہیں ہیں۔میں جہانگیر بدر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ برائے مہربانی صوبائی حکومت بالخصوص صوبائی حکومت سندھ سے رابطہ کریں اور یہ معلوم کروائیں کہ ریونیو آفیسرز اور ڈی سی اوز کے ماتحت پولنگ اسٹیشن کے لیے کیوں اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جہاں جہاں پر بھی یہ کارروائی ہوئی ہے وہاں پر عام شہری اور public representatives جو درخواستیں دیتے ہیں کہ ہمیں ان نقول اور کاپیاں دی جائیں وہ نقول کیوں فراہم نہیں کی جا رہیں؟ ہماری کوشش یہ ہے کہ ہم اس کے خلاف ایک presentation چیف الیکشن کمشنر صاحب کو اور الیکشن کمیشن کو بھی دیں گے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایوان بھی اس بات کا نوٹس لے چونکہ General Elections میں دو یا تین مہینے باقی ہیں تو یہ بہت ضروری ہے کہ ایک ایسا ماحول بنایا جائے جس میں غیر جانبدار انتخابات ہوسکیں۔ اگر یہ اقدامات اس طریقے سے ہوئے تو ایک ایسا ماحول بن جائے گا جس میں شکوک و شبہات پیدا ہو جائیں گے۔ میں چاہتا ہوں کہ قائد ایوان جناب جہانگیر بدر صاحب جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں وہ حکومت سندھ سے کم ازکم یہ معلوم تو کروائیں کہ کس بنیاد پر ایک وسیع پیمانے پر ایک ایک حلقے میں جہاں پر دو سو پولنگ اسٹیشن ہیں، چالیس چالیس پولنگ اسٹیشن تبدیل کردیئے گئے ہیں جو ہمارے ہاں پہلے تین جنرل انتخابات ہوئے تھے انہی انتخابات میں ان locations پر تھے اب اس وقت ان کو سیاسی بنیادوں پر تبدیل کرنا اس کی وجہ کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ

This is a very serious matter. Cognizance should be taken by this House and we should create an environment in which confidence building measures are built up. If we are going to change polling stations on a large scale without there being any justification, you are creating doubts about the fair and transparent general elections.

Mr. Deputy Chairman: Leader of the House please take notice of Shah Sahib's grievances please.

سینیٹر محمد جہانگیر بدر (قائد ایوان): جناب چیئرمین! ٹھیک ہے جی I assure Mr. Chairman, to this House that notice will be taken پتا چلایا جائے گا کہ کیا ہوا ہے۔ الیکشن کمیشن سے بھی پوچھتے ہیں۔ اس پر کوئی reforms بھی کی جارہی ہے غالباً پہلے جو دور پولنگ اسٹیشن بنائے جاتے تھے ان کو اب ووٹروں کی رہائش کے نزدیک لے جایا جارہا ہے۔ بہر حال اس کو دیکھ لیتے ہیں لیکن ایک statement میں یہاں دینا چاہوں گا وہ یہ ہے کہ میں اس میٹنگ میں موجود تھا جو صدر پاکستان نے الیکشن کے سلسلے میں بلائی تھی اور اس میں تمام وزراء اور سب ممبران کو یہ کہا گیا کہ پاکستان میں الیکشن غیر جانبدار ہوں اور اس میں کوئی امکان نہیں ہے کہ الیکشن میں دھاندلی کی جائے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اپنی تاریخ کو مسخ نہیں کرے گی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کوئی ایسا راستہ اختیار نہیں

کرے گی جو عوام کی خواہشات کے خلاف ہو۔ ہم اقتدار میں رہیں یا نہ رہیں، ہم اقتدار میں آئیں یا نہ آئیں ہمارے مشن کا اقتدار کے ساتھ کوئی تعلق ہے ہی نہیں۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے اور آج میں on the record یہ بات کہتا ہوں کہ پاکستان میں انشاء اللہ انتخابات صاف شفاف اور غیر جانبدار ہوں گے اور جہاں پر بھی کوئی ایسی چیز ہمارے علم میں لائی گئی اس کا تدارک کیا جائے گا اور شاہ صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے. I assure him in the House that steps will be taken to check it up that what it is.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ شاہی سید صاحب! آپ بھی کچھ بات کرنا چاہتے ہیں۔ جی۔

سینیٹر شاہی سید: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس وقت واقعی جو سندھ کی حالت ہے اور خاص کر الیکشن کے بارے میں، میں بتانا چاہتا ہوں کہ سپریم کورٹ کا حکم ہے کہ خاص کر کراچی میں delimitation کی جائے۔ جب کہ نادرا نے حکم دیا ہوا ہے شناختی کارڈ مستقل پتے اور موجودہ پتے پر بنا سکتے ہیں تو ہمارے لاکھوں ووٹر خیبر پختونخوا، پنجاب اور بلوچستان میں shift ہو گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ جو ایک ناجائز ہوا ہے کہ ایک بندے کا ایڈریس بھی ایک ہی ہے بلدیہ ٹاؤن میں رہتا ہے اور پچھلے بیس سالوں سے اس کا مکمل ایک ہی پتا کراچی کا ہے، اس کا ووٹ بھی انہوں نے کورنگی کے ایریا میں پھینکا ہوا ہے جہاں پر نہ ہمارا candidate ہوگا نہ اس ووٹ کی اہمیت ہے لہٰذا وہاں پر pre-planning اور ایک تنظیم کے سائے کے نیچے یہ سب کام ہو رہا ہے۔ ہمارے پاس اس کی CD موجود ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ الیکشن کمشنر سے بھی میری بات ہوئی ہے تو انہوں نے ہمیں یہ کہا ہے کہ چونکہ مردم شماری اب ہونی نہیں ہے تو الیکشن پرانی حلقہ بندیوں پر ہوں گے لیکن بالخصوص کراچی کے لیے چونکہ سپریم کورٹ کا حکم ہے تو حکومت سندھ بذریعہ ریونیو ہمیں مواد دے اور ہماری مدد کرے تو ہم کراچی میں حلقہ بندیاں shift کریں گے کیونکہ یہ سپریم کورٹ کا حکم ہے۔ لہٰذا سندھ حکومت کو تنبیہہ کی جائے کہ وہ ہمارے ساتھ لازمی تعاون کرے اور وہ حلقہ بندیاں جو لوگوں نے بڑھائی ہیں یا وہ ووٹر جن کو اپنے آبائی گاؤں میں بھیجا ہے وہ تو اپنی جائیدادیں فروخت کرکے کراچی میں ہی پکے بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کا واپس جانے کا ارادہ نہیں ہے۔ لہٰذا ان کو ووٹ کا حق موجودہ پتے پر ہی دیا جائے۔ نادرا، الیکشن کمیشن اور سندھ حکومت کو تنبیہ چاہیے کہ ان لوگوں کے مسائل کو حل کریں۔ وہ ایک یا سو آدمی نہیں ہیں جن کے ہم فارم پر کریں وہ لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔ اس مسئلے کے لیے سنجیدگی سے کوشش کی جائے، اگر نہیں ہوگا تو کراچی میں الیکشن نہیں ہوں گے، خون خرابہ اور تباہی ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی صغریٰ امام صاحبہ۔

Senator Syeda Sughra Imam: Thank you Mr. Chairman! I Just intend to take two points that the Honourable Senators have raised regarding election issues. Sir, in the previous proceedings of the Senate, if you recall sir, I had presented a Motion which was unanimously adopted by the House and with the kind support of Honourable Senators from both sides who spoke. The Motion was to consider the formation of a Special Committee on Election issues precisely to consider the kinds of concerns that Honourable Muzaffar Ali Shah Shaib and Shahi Syed Sahib have raised. As you know sir, the Chair gave a ruling and the Consultative Committee was constituted to which the Honourable Leader of the House, Leader of the Opposition, Minister for Law and myself were members. We had a meeting and we unanimously agreed to recommend that a special committee of the Senate on election issues should be constituted precisely to formulate/form Parliamentary body that would interact with the Election Commission of Pakistan. Sir, the Committee also unanimously agreed to authorize rather the Chairman Senate to notify the terms of reference and to notify the members of the committee and constitute the committee. I believe sir, that the issue is under consideration at the moment and the Chairman Senate, when I last met him, had assured me that the special committee would be constituted within a matter of days but because of death in his family, I believe that when he returned to the Office, this Committee will be formulated, because polling stations and delineation is the concern for all members who will be participating in the election process not only the Sindh but throughout Pakistan, equally electoral roles, constituency delimitations, all of these issues can be taken up then in that forum and the whole idea of having a special committee constituted was so that Parliament can have a mechanism of interacting with

the Election Commission of Pakistan, and so, I hope *Insh-a-Allah* that when the Chairman, Senate returns, the Committee will be duly constituted. I thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی طاہر مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you very much Mr. Chairman, my point of order is regarding the Conduct of Business in the House. Agenda is very clear and at serial No.3 is an adjournment Motion. Now this motion was agreed in the Advisory Committee and it was decided that two complete days would be spent on this most important and sensitive topic. This is a matter of the gravest concern to the whole nation and yet today we have already reached 7.30, are we going to sit up to 12.00 O'clock? Tomorrow is Friday…………………………………….(continued……………T12)

T12-06Sep2012 ER5/Rafaqat Waheed/Ed: Altaf Shaikh 7:40 pm

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: (Continued) This motion was agreed in the Advisory Committee and it was decided that two complete days would be spent on this most important and sensitive topic. This is a matter of gravest concern to the whole nation and yet today we have already reached 7:30. Are we going to sit up to 12'O clock? Tomorrow is Friday. Are we going to have two sittings so that those two promised days would be utilized. Not only that, on the floor of this House, the honourable Minister for Interior stood up and said he would be present for two days himself and the whole House is witness to it.

Now, what is happening that the matters have been dragged on and this motion is not being taken up. Am I to understand that the Government is hesitant to debate this important matter? What is the problem? Why cannot we go according to the Advisory Committee where parliamentary leaders of all the parties had decided unanimously that the

two topics would to be discussed. One has been discussed and the other one is still pending and we are coming up tomorrow when you are likely to prorogue or else give us a clear cut indication that the Senate will not be prorogued until this debate, which is the most important debate, is conducted and every member who wants to speak is given an ample opportunity to speak and then the Minister will reply to the questions raised in detail as promised. Thank you Mr. Chairman.

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشہدی صاحب! آج آپ کو پورا موقع ملے گا کہ آپ law and order پر بات کریں۔ آپ کے منسٹر صاحب بھی یہاں موجود ہیں، اس کے بعد Federal Minister بھی تشریف لارہے ہیں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ اگر آپ تھوڑا سا وقت کا خیال رکھیں، points of order اور اس طرح کی چیزوں پر وقت ضائع نہ کریں تو then we will come to the discussion on law and order. جی ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میرا بھی ایک point of order ہے۔ اصل میں چاروں صوبوں کے لیے دو issues اس وقت بہت important ہیں۔ مجھے نہیں پتا ہے کہ Finance سے کوئی لوگ گیلری میں بیٹھے ہیں یا نہیں، obviously Minister sahib تو نہیں ہیں، نا State Minister ہیں۔

میں Workers Welfare Fund کے بارے میں بات کروں گا۔ وہ علیحدہ بات ہے کہ 18ویں ترمیم کے بعد وہ devolve ہوچکا ہے اور صوبوں کے پاس جانا چاہیے۔ وہ علیحدہ بات ہے کہ وفاقی حکومت پچھلے کئی سالوں میں تقریباً 70 ارب روپے کھاچکی ہے اور اس کے پاس صوبوں کو دینے کے لیے پیسے نہیں ہیں۔ اس کے باوجود جو یہ چھوٹے چھوٹے amounts چاروں صوبوں کو دے رہے ہیں جس سے وہاں workers کی welfare کے کام ہوسکتے ہیں، مثلاً بیماری یا شادی، اس طرح کے جو چھوٹے چھوٹے خرچے ہیں، ان کی مد میں بھی پیسے نہیں جارہے۔ یعنی آپ FBR کے ذریعے Workers Welfare Fund, tax returns کے ساتھ collect کررہے ہیں۔ وہ subject صوبوں کو devolve ہوچکا ہے اور پیسے صوبوں میں جانے ہیں۔ چلیں اس کی بات بعد میں کریں گے، خدا کے لیے، وہاں جو ہزاروں اور لاکھوں غریب ترین لوگ ہیں، جو entitled ہیں، ان کو پیسے جائیں گے تو ان کو ملیں گے۔ ایک تو Finance سے متعلق یہ issue ہے۔

دوسری چیز، اس حکومت کی IMF کے ساتھ یہ بات طے ہوئی تھی کہ ہر صوبے کی چھ ہفتے کی ways and means limit یعنی over–draft limit ہوگی۔ ان کے اخراجات چھ ہفتے کے اخراجات کے برابر ہوں گے۔ اب ظاہر ہے چھ ہفتے کے اخراجات static تو ہوں گے نہیں، ہر سال salaries بڑھتی ہیں، اخراجات بڑھتے ہیں تو وہ automatically review ہوتے ہیں۔ کئی مرتبہ یہ بات کمیٹی میں بھی ہوچکی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Finance کو یہ دونوں issues فوری طور پر حل کرنے چاہییں۔ یہ کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ چاروں صوبوں کا مسئلہ ہے۔ اس کے دو طریقے ہیں۔ یا تو کل Finance Minister sahib یہاں آکر categorically بتائیں کہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ How are they going to deal with the poorest of the poor? ورکرز ویلفیئر فنڈ جو پیسے نہیں دے رہے، اس کو کیسے بھیجیں گے؟ میں 70 ارب کے پچھلے stock کی بات نہیں کررہا۔ دوسرا طریقہ، ways and means limit دس منٹ کا کام ہے۔ اسٹیٹ بینک کا نمائندہ آجائے اور وزیرِ خزانہ یا سیکرٹری خزانہ بیٹھ جائیں، اس کی calculation ہوجائے گی۔ بجٹ سب کے سامنے ہے، خرچے سب کے سامنے ہیں۔ جو پچھلی limits ہوئی ہیں، increase in salaries and allowances and other expenses ان کو revise کرنا ہے۔

جناب! یہ زیادتی اور non seriousness ہے۔ اب آپ ruling دے دیں کہ Finance Minister کل آکر اس کا ادھر جواب دیں۔ چونکہ کل prorogue کرنا ہے-----

Mr. Deputy Chairman: Dar sahib, I think the honourable Leader of the House has taken notice of it. He is listening to you.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب! دیکھیں، اس کے دو طریقے ہیں۔ یا تو یہاں آکر اس مسئلے کا حل بتادیں کہ جی میں دو دن میں، تین دن میں یا ایک ہفتے میں کرلوں گا یا اگر آپ نے کل اجلاس prorogue کرنا ہے اور available نہیں ہیں تو پھر آپ ابھی ruling دے دیں اور honourable Leader of the House اور مجھے ڈال دیں، کوئی اور دو چار بندوں کو ڈال دیں کہ بیٹھ کر اس مسئلے کا حل نکالیں۔ یہ ایک national issue ہے، میرا ذاتی معاملہ نہیں ہے یا کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں۔ میں تو assist کررہا ہوں کہ ان دونوں issues کو حل کرنا ضروری ہے کیونکہ اس وقت غریب worker suffer کررہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں جانتا ہوں۔ ڈار صاحب! براہ مہربانی آپ اور Leader of the House مل کر کوئی فارمولا طے کرلیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: نہیں جناب! فارمولے کی بات ہی نہیں ہے۔ فارمولا بھی ادھر موجود ہے۔ صرف implementation کا مسئلہ ہے۔ ان کو وقت ہی نہیں مل رہا واشنگٹن کے چکر لگانے اور یاترا کرنے سے۔ سیکرٹری صاحب کے پاس بھی time نہیں ہے۔ اس طرح تو issues حل نہیں ہوں گے۔ In the national interest, we are prepared to sit and solve these issues.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بالکل، لیڈر آف دی ہاؤس، آپ خود، سیکرٹری فنانس اور تمام concerned لوگوں کو بلا کر ان سے بات کرلیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: چیئرمین صاحب! آپ ایک ہفتہ دیں۔ We should come back and report to you کہ یہ معاملہ حل ہو گیا ہے۔ یعنی اس طرح تو صوبوں کے مسائل حل نہیں ہوں گے اور یہ کسی کا ذاتی معاملہ نہیں ہے، یہ overdraft ہے، کسی کے باپ کے پیسے نہیں ہیں۔ I mean it is a salary bill. It is the six week's expenses. طے ہوا ہے، IMF کی condition انہوں نے مانی ہوئی ہے۔ ٹھیک ہے اگر مانی ہے تو بھئی آپ نے 20% salaries increase کیے ہیں، اس کے لیے let us sit and calculate and tell all the four provinces کہ جی آپ کی revised limit یہ ہے۔ بس یہی کچھ ہے۔ اس کے اندر انہوں نے کام کرنا ہے۔

جناب! چونکہ آپ نے اجلاس prorogue کرنا ہے، اگر آپ House میں ruling دے دیں تو ہم اس issue کو بیٹھ کر discuss کرلیں گے لیکن جب تک direction نہیں ہوگی تو وہ اس کو casual لیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قائدِ ایوان اور قائدِ حزب اختلاف جب آپس میں بیٹھیں گے تو direction خود بخود نکل آئے گی۔ کلثوم صاحبہ! آپ کا کوئی important point of order ہے؟ جی ٹھیک ہے۔ براہ مہربانی وقت کا ذرا خیال رکھیں۔

سینیٹر کلثوم پروین: جناب! معذرت کے ساتھ میں وقت کا کیا خیال رکھوں، وقت خود تیزی سے گزر رہا ہے اور مجھے آپ وقت کا خیال رکھنے کی ہدایت کررہے ہیں۔

جناب! یہاں ایجنڈا نمبر 3 پر طے پایا تھا کہ بلوچستان اور کراچی کے مسئلے پر debate ہوگی۔ ہمیں آپ کی طرف سے بھی، ایڈوائزری کمیٹی میں بھی اور قائدِ حزبِ اختلاف نے بھی یہ کہا تھا کہ بلوچستان کے issue پر بات کرنے کے لیے آپ تین گھنٹے نہیں، بھلے تین دن لیں۔ جناب! اگر اتنی non-seriousness ہے کہ ہم ایک انتہائی اہم issue کے بارے میں اس طرح کا رویہ اختیار کررہے ہیں۔ بلوچستان خون سے نہایا ہوا ہے اور ہمارے پاس اس کے بارے میں بات کرنے کے لیے time ہی نہیں ہے۔ ہمیشہ rules suspend ہوتے رہے ہیں اور بلوچستان پر بحث ہوتی رہی ہے۔آپ کے وزیرِ داخلہ یہاں موجود نہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ قومی اسمبلی بہت important ہے لیکن وہ سینیٹر ہیں، ان کو یہاں ہونا چاہیے تھا۔ ہم سے یہ وعدہ بھی کیا گیا تھا کہ دو دن پہلے ان کا شاید کوئی lecture تھا، وہ دو دن یہاں بیٹھیں گے اور ہماری بات سنیں گے۔ اب کیا وقت ہے؟ آٹھ بج چکے ہیں اور وقت ختم ہوگیا ہے جبکہ کل جمعہ ہے، ٹوٹل ایک گھنٹہ اور اس معاملے پر کوئی بحث مباحثہ نہیں ہوگا، اس پر کوئی بات نہیں ہوسکے گی۔ اگر کوئی مجھ سے کہے کہ آپ دس منٹ میں بلوچستان کے معاملے پر بات کرو تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ بلوچستان کے سلسلے میں بھی ایک ناانصافی ہوگی۔

آخر میں یہ کہہ کر میں protest کرتے ہوئے جارہی ہوں کہ، مٹی پاؤ ساری چیزوں پر، یہ سب چیزیں کہانی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی بنگش صاحب۔

سینیٹر عبدالنبی بنگش: جناب! میرا بھی یہی concern ہے۔ دیکھیں، بلوچستان کے ساتھ ساتھ کراچی کا issue ہے، گلگت بلتستان ہے، پختونخوا ہے، tribal area ہے، سب law and order کا مسئلہ ہے۔آپ مہربانی کرکے اجلاس کو prorogue نہ کریں۔ اس کو Monday اور Tuesday تک لے کر جائیں یا next week تک لے جائیں کیونکہ یہ مسئلہ بہت serious ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب! ابھی وقت آپ خود لے رہے ہو۔

سینیٹر عبدالنبی بنگش: جناب! بات یہ ہے کہ اس issue پر debate کے لیے پورے دو دن چاہییں۔ آپ کے پاس دو دن کہاں ہیں؟ جو وقت گزر چکا ہے، وہ تو واپس نہیں آسکتا۔ آپ نے وعدہ کیا کہ اس کے لیے دو دن رکھیں گے۔ ماشاءاللہ، ہمارے

Interior Minister sahib تشریف بھی لائے، اللہ تعالیٰ اس کی عمر دراز کرے لیکن بات یہ ہے کہ پورے دو دن آپ کے پاس کہاں ہیں؟ کل بھی آدھا دن ہے جبکہ آج کا دن تو گزر چکا ہے۔ دو دن کا وعدہ کیا گیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں، بات یہ ہے کہ یہاں آپ خود points of order پر، سوالوں پر وقت صرف کرتے ہیں۔ تین supplementary questions allowed ہیں جبکہ آپ آٹھ آٹھ سوال کرتے ہیں۔ ہم تو آپ کو allow کرتے ہیں لیکن آپ کہتے ہیں کہ نہیں ہوتا۔ I am not talking of you only لیکن اگر آپ وقت کا خود خیال رکھ لیں تو سب چیزیں ٹھیک ہو سکتی ہیں۔

سینیٹر عبدالنبی بنگش: جناب! جتنے اراکین ہیں، سب کے سوالات بھی ہوں گے اور دوسری چیزیں بھی لیکن بات یہ ہے کہ جو چیز آپ کے ایجنڈے پر ہے، ایجنڈا نمبر 3 پر موجود ہے، اس پر آپ کو زیادہ time دینا چاہیے اور وعدہ کیا گیا تھا کہ دو دن پورے دیے جائیں گے۔

Mr. Deputy Chairman: Item No.4, Hamza sahib, move your Calling Attention Notice, please.

(اس موقع پر کچھ اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہوگئے اور شدید احتجاج کیا)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈار صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

(جاری------T13)

